The committee is to report to the next session of ...

INDIAN DIPLOMAT EXPELLED

NEW DELHI, Dec. 21: The First Secretary at the Indian High Commission in Kampala, Mr. N. N. Desai, has been expelled from Uganda, Deputy Foreign Minister Surendra Pal Singh told Parliament here today.—AFP.

No recognition before March

—BHUTTO

LONDON, Dec. 16: The Pakistan President, Mr. Zulfikar Ali Bhutto said in an interview with a Reuter correspondent that Pakistan would not recognise Bangladesh before the next elections scheduled to be held there in March according to the BBC,

... Nawab Akbar Bugti had chosen a peculiar code of conduct and had "crossed all barriers of political and moral ethics."

Mr. Ataullah Mengal, in his denial, however, did not specify Nawab Bugti's allegations nor did he use the word "weapons" and "money" but said that he would not indulge in counter-attack and political exposure of Nawab Akbar Bugti because, he added, "in doing so I shall be displeasing my conscience."

SARGODHA, Dec. 21: A meeting of the Chairmen of Education Boards of the Punjab today agreed to introduce a uniform syllabi.

The meeting reviewed schemes of studies for various examinations keeping in view the new education policy.

The system of examinations and the uniform pattern of question papers for the next Board examinations was also discussed at the meeting.

عید

کی تقریب سعید پر اپنے

ہم وطنوں کی خدمت میں ہم خلوص دل کے ساتھ

ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں

INDO-PAKISTAN

TRADING LTD.

PLEASE VISIT US FOR

Masalas; Condiment; Rice & Dals

ALSO FREE TRAVEL ADVICE

HALAL MEAT NOW AVAILABLE

936 Pape Ave. **461-5575**

لیل و نہار

لطیف اُویسی۔

گھوڑے اور مکھیوں کا شہر

امریکہ اور کینیڈا جیسے ترقی یافتہ ممالک میں معاشی ترقی کے ساتھ ساتھ آبادی میں اضافہ ہونے کی وجہ سے نت نئے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ اب کاروں کو لیجیے۔ صرف ٹورانٹو میں دس لاکھ کاریں ہیں۔ (تعداد میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے)۔ فضاء پر دس لاکھ کاروں سے نکلتے ہوئے بدبودار دھوئیں کے اثرات کا اندازہ لگائیے ۔۔۔!

یونیورسٹی آف ٹورانٹو کے پروفیسر ڈیوڈ گورڈن اس مسئلے کی وجہ سے بے حد پریشان ہیں۔ ان کے خیال میں اس شہر کو کاروں سے پاک صاف کر کے آمد و رفت کے لیے بگھی اور گھوڑوں کو پھر سے رائج کیا جا سکتا ہے ۔۔۔ اس سے یہ تو ضرور ہوگا کہ کاروں کی توڑ پھوڑ اور گندے دھوئیں سے فضاء پاک ہو جائے گی۔ مگر اس کے مقابلے میں دس لاکھ گھوڑوں کے لیے روزانہ پانچ کروڑ پونڈ کا چارہ چاہیئے۔ اور ظاہر ہے کہ اتنے بھاری وزن کا گھوڑوں سے اخراج بھی ہوگا جس کے ساتھ ساتھ مکھیوں میں اضافہ بھی لازمی ہے (تعفن کو بھول جائیے)۔ پھر مکھیوں کے ساتھ دوسری بیماریاں ۔۔۔؟ مردہ کاروں کی بجائے ہر روز ایک سَو مردہ گھوڑوں کا مدفون ۔۔۔؟ ECOLOGY کے ماہرین کے ساتھ ہماری دلی ہمدردیاں ہیں۔

خداوند ترے یہ سادہ دل بندے کدھر جائیں

جن پہ تکیہ تھا ۔۔۔۔۔

پچھلے سال کی مشہور لڑائی مار کٹائی سے بھرپور فلم فرنچ کنکشن (FRENCH CONNECTION) اگر آپ نے دیکھی ہو تو یاد ہوگا کہ کس طرح ایک فرانسیسی سمگلر سے کئی خوفناک واقعات کے بعد ایک امریکی جاسوس ستاون پونڈ کی ناجائز ہیروئن (HEROIN) دریافت کرتا ہے ۔۔۔ وہ کہانی ایک سچے واقعہ پر فلمائی گئی تھی۔ اتنی جانفشانی اور ظلم و ستم کے بعد حاصل کی گئی خطرناک ڈرگ (DRUG) کو نیویارک پولیس نے اپنی کڑی حفاظت میں رکھ لیا تھا۔ پچھلے دنوں پتہ چلا کر نہ صرف فرنچ کنکشن والی ۵۷ پونڈ بلکہ اس کے ساتھ مزید ایک سو بارہ پونڈ ہیروئن اور ۳۱ پونڈ کوکین کو کمال جرأت اور فراست سے نیویارک پولیس کے خزانے سے چوری کر لیا گیا ہے۔ (کھلے بازار میں اتنی مقدار DRUG کی کئی کروڑ ڈالر قیمت ہے) نیویارک سٹی پولیس سلطنت امریکہ کی سب سے بڑی اور بہترین پولیس فورس سمجھی جاتی ہے۔ اگر اُن کا یہ عالم ہے تو ۔۔۔۔۔؟

امن کی خاطر

شمالی ویت نام پر امریکی ہوا بازوں نے ۵۲ - B جنگی ہوائی جہازوں کے ذریعے بارود گرانے میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے ۔۔۔ وہاں آج کل اتنے بم پھینکے جا رہے ہیں جو اس سے پہلے کبھی اس کئی سالہ جنگ میں نہیں گرائے گئے۔ امریکی پینٹ گان کا کہنا ہے کہ بمباری میں اضافہ کی وجہ امن کو جلد از جلد بحال کرنا ہے۔ لگتا ہے کہ دنیا کی طاقتور ترین قوم ایک کمزور ملک کے انسانوں سے امن کرنے کی خواہشمند نہیں بلکہ وہاں کی جلی سڑی لاشوں اور کھنڈرات پر انسانی بھائی چارے کے جھنڈے گاڑنا چاہتی ہے!

نے کہا کہ جب پہلی بار عقل میرے پاس آئی تو میں نے دریافت کیا کہ تو کون ہے؟ اس نے جواب دیا: عقل۔
میں نے پوچھا: کہاں رہتی ہے؟
... دماغ میں۔
اس کے بعد میرے پاس شرم آئی۔ میں نے پوچھا: تو کون ہے؟
جواب دیا: شرم۔
میں نے پوچھا: تو کہاں رہتی ہے؟
اس نے جواب دیا: زیرِ چشم۔
اس کے بعد محبت آئی۔ میں نے اس سے سوال کیا: اور تو کون ہے؟
جواب دیا: مجھے محبت کہتے ہیں۔
میں نے سوال کیا: اور تو کہاں رہتی ہے؟
جواب دیا: میں دل میں رہتی ہوں۔
... میں نے اس سے بھی یہی سوال کیا کہ تو کون ہے؟
... کہتے ہیں۔
میں نے پوچھا: تو کہاں رہتی ہے؟
جواب دیا: میں سر میں رہتی ہوں۔ میں نے حیرت سے کہا: سر میں تو عقل کا قیام ہے۔ تقدیر نے جواب دیا: ہاں لیکن ... تو عقل رخصت ہو جاتی ہے۔
... عشق آ گیا۔ میں نے پریشان ہو کر دریافت کیا: تو ...؟
... میں جواب ملا: میں عشق ہوں۔
... سوال کیا: جناب کا قیام کہاں رہتا ہے؟ جواب دیا ...
میں نے حیرت سے کہا: لیکن وہاں تو شرم کا مقام ہے۔
... ارشاد: لیکن جب میں آتا ہوں تو شرم رخصت ہو ...
... آخر میں ... آئی۔ میں نے دریافت کیا: آپ کی تعریف؟
... ہوں۔ میں نے دریافت کیا: آپ کہاں قیام فرمائیں گی؟
... دیا: دل میں۔ میں نے حیرت سے کہا: لیکن وہاں تو محبت ... براجمان ہے۔ ہنس کر بولی: لیکن جب میں آتی ہوں تو وہ رخصت ہو جاتی ہے۔

چھا گئی ہو شفتہ ہو کر وسعتِ افلاک پر
جس کو نادانی سے ہم سمجھے تھے اک مشتِ غبار
فتنۂ فردا کی ہیبت کا یہ عالم ہے کہ آج
کانپتے ہیں کوہسار و مرغزار و جوئبار
میرے آقا! وہ جہاں زیر و زبر ہونے کو ہے
جس جہاں کا ہے فقط تیری سیادت پر مدار

(اقبال، ضربِ حجاز)

مداحت الاختر

جس طرف دیکھئے صحرا نظر آتا ہے مجھے
ان گنت صدیوں کا بن باس ڈراتا ہے مجھے

تیر سا تو ملتا رہتا ہوں ہر اک پتھر پر
کون یہ اپنی کمانوں سے چلاتا ہے مجھے

کوئی آواز، نہ مشعل، نہ اشارہ کوئی
راہ یہ کون اندھیرے میں دکھاتا ہے مجھے

وہ مسافر ہوں کہ پہنچا نہیں اپنے گھر تک
دیر سے روح کا ویرانہ بلاتا ہے مجھے

یوں تو میں قطرۂ شبنم ہوں ذرا سا لیکن
سیکڑوں نیزوں سے خورشید اٹھاتا ہے مجھے

شکیب کے مجموعۂ کلام "روشنی اے روشنی" سے

یہ ایک ابر کا ٹکڑا کہاں کہاں برسے
تمام دشت ہی پیاسا دکھائی دیتا ہے

رہتے ہیں کچھ ملول سے چہرے پڑوس میں
اتنا نہ تیز کیجیے ڈھولک کی تھاپ کو

میں نے اسے شریکِ سفر کر لیا شکیبؔ
اپنی طرح سے چاند جو بے گھر لگا مجھے

نہ اتنی تیز چلے، سرپھری ہوا سے کہو
شجر پہ ایک ہی پتا دکھائی دیتا ہے

درخت راہ بتائیں ہلا ہلا کر ہاتھ
کہ قافلے سے مسافر بچھڑ گیا ہے کوئی

عالم میں جس کی دھوم تھی، اس شاہکار پر
دیمک نے جو لکھے کبھی وہ تبصرے بھی دیکھ

یارو میں اس نظر کی بلندی کو کیا کروں
سایہ بھی اپنا دیکھتا ہوں آسمان پر

اُتر کے ناؤ سے بھی کب سفر تمام ہوا
زمیں پہ پاؤں رکھا تو زمین چلنے لگی

یہ کائنات ہے میری ہی خاک کا ذرہ
میں اپنے دشت سے گزرا تو بھید پائے بہت

یوں بے سبب تو کوئی انھیں پوچھتا نہیں
بکتے تو ہیں پتھروں میں خدوخال کی طرح

کسی کا جسم اگر چھو لیا خیال میں بھی
تو پور پور مری، مثلِ شمع جلنے لگی

یہ آڑی ترچھی لکیریں بنا گیا ہے کون
میں کیا کہوں، مرے دل کا ورق تو سادا تھا

اے دوست پہلے قرب کا نشہ عجیب تھا
میں سن سکا نہ اپنے بدن کی پکار بھی

اک دن ملا تھا بام پہ، سورج کہیں جسے
اُلجھے ہیں اب بھی دھوپ کے ڈورے، کلس کے ساتھ

اک یاد ہے جو دامنِ دل چھوڑتی نہیں
اک بیل ہے جو لپٹی ہوئی ہے شجر کے ساتھ

کب سے ہیں ایک حرف پہ نظریں جمی ہوئی
وہ پڑھ رہا ہوں جو نہیں لکھا کتاب میں

شکیبؔ کیسی اُڑان، اب وہ پر ہی ٹوٹ گئے
کہ زیرِ دام جب آئے تو پھڑپھڑائے بہت

اک حشر سا بپا تھا مرے دل میں اے شکیبؔ
کھولیں جو کھڑکیاں تو ذرا شور گھٹ گیا


اسی لیے تو ہوا رو پڑی درختوں میں
ابھی میں کھل نہ سکا تھا کہ رُت بدلنے لگی

تو نے کہا نہ تھا کہ میں کشتی پہ بوجھ ہوں!
آنکھوں کو اب نہ ڈھانپ مجھے ڈوبتے بھی دیکھ

اک سانس کی طناب جو ٹوٹی تو اے شکیبؔ
دوڑے ہیں لوگ جسم کے خیمے کو تھامنے



مسکرائیے



ایک شوہر اپنی بیگم کے سامنے اپنے اعلیٰ خاندانی ہونے کا بہت زور شور سے تذکرہ کیا کرتے تھے۔ ایک دن اسی کوشش میں بہت ڈینگیں مار رہے تھے کہ بیگم صاحبہ کے صبر کا پیمانہ چھلک گیا اور وہ بول کر اٹھیں: اب بس بھی کیجیے، نہیں تو آپ یہ بھی کہیں گے کہ آپ کے آباؤ اجداد حضرت نوحؑ کی کشتی میں بھی سوار ہوئے تھے۔ اصل میں تو اسے بیگم غضب کر رہی ہو۔ بھلا حضرت نوحؑ کی کشتی میں کیسے سوار ہو گئے، اُن کی تو اپنی کشتی تھی۔ (سلمیٰ صابر۔ گوجرہ)

جسمانی کرتب دکھانے والے نے لیموں کو پوری قوت سے نچوڑ کر تماشائیوں کو چیلنج کیا کہ ان میں سے کوئی اس لیموں میں سے ایک قطرہ اور نچوڑ کر دکھائے تو وہ اسے اپنا استاد مان لے گا۔ ایک دبلا پتلا آدمی آگے بڑھا، لیموں نچوڑا اور دو قطرے ٹپکا دیئے۔ جسمانی کرتب دکھانے والے نے حیران ہو کر پوچھا: آپ کون صاحب ہیں اور کیا کام کرتے ہیں؟
"میں ٹیکس انسپکٹر ہوں" اس آدمی نے جواب دیا۔
(احمد سعید۔ لاہور)

ایک دفعہ دو بچھڑے کافی مدت بعد مل بیٹھے، دونوں بہرے تھے۔ ایک بولا: سردار جی آپ باہر تشریف لے گئے ہوئے تھے؟
دوسرا بولا: "نہیں جی، میں باہر تشریف لے گیا ہوا تھا۔"
پہلا بولا: اچھا میں سمجھا تھا کہ آپ باہر تشریف لے گئے ہوئے تھے۔
(خلیل عزیز۔ ملتان)

شوہر بیوی سے: بیگم آج کچھ صدقہ خیرات دو، رات میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مر گیا ہوں۔ بیوی نے زبردستی خاموش کرتے ہوئے کہا: رشتے دار اس سے تو اچھا ہے کہ میں ہی بیوہ ہو جاؤں۔ بیوی نے سر پہ ہاتھ رکھ کر روتے ہوئے کہا۔ (صوفیہ شاہین۔ لاہور)

جاٹ: حضور تھانیدار صاحب مجھے غلطی ہوئی۔ کل چوری نے رپورٹ لکھائی تھی کہ میری گائے چرائے گئے ہیں۔ ضرورت نہ تھی میرے بیٹے نے اسے مکان کے پیچھے باندھ رکھا تھا۔
تھانیدار: اب مجرم گرفتار ہو چکا ہے۔ دور ہو جا یہاں سے اب کچھ نہیں ہو سکتا۔ (خواجہ ظفر اقبال۔ وانپور)

بیوی: "میں خوبصورت ہوں۔ بھلا یہ کون سا فعل ہے؟"
شوہر: "فعل ماضی" (خالدہ احسان۔ اسلام آباد)

بھلا ایک شادی شدہ اور کنوارے مرد میں کیا فرق ہوتا ہے؟
کنوارے کی قمیص پہ بٹن نہیں ہوتے اور شادی شدہ کے تن پہ قمیص نہیں ہوتی!" (خالدہ احسان۔ اسلام آباد)

ایک دفعہ ایک ڈاکٹر صاحب آپریشن کرنے کے بعد مریض کے پیٹ میں قینچی بھول گئے۔ جب انہیں یاد آیا تو انہوں نے ٹانکے کھول کر قینچی نکال لی اور پھر اس میں ایک چاقو بھول گئے۔ جب انہیں یاد آیا تو دوسرے دن پھر ٹانکے کھولنے لگے، مریض نے تنگ آ کر کہا: ڈاکٹر صاحب! آپ یہاں پہ ایک زپ کیوں نہیں لگا دیتے۔ (محمد شہزاد عزیز۔ لاہور)



عوام کی توجہ پیپلز پارٹی کے مرکز سے ہٹ گئی ہے

اصغر خاں — بھٹو کی طرح ہی اقتدار پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں



اصغر خاں

طور پر ایک حقیقت کی حیثیت رکھتی ہے کہ حزب اختلاف کے پاس صدر بھٹو کی ٹکر کی کوئی شخصیت نہیں۔ ایسے میں اب اگر کوئی جماعت آگے بڑھ سکتی ہے تو اپنے پروگرام اور صحیح اپروچ کے سہارے ہی آگے بڑھ سکے گی۔ بائیں بازو کی جماعتوں میں تحریک استقلال کے اصغر خاں بھٹو کی طرح اقتدار پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں اور بڑے شوق و ترنگ دکھائی دیتے ہیں۔ جماعت اسلامی بھی اس خوش فہمی یا غلط فہمی میں مبتلا ہے کہ وہ ہی تنہا اقتدار پر قابض ہو سکے گی۔ جہاں دائیں اور بائیں بازو کی جماعتوں کے ذکر کے ساتھ یہ بات کہہ دینا بھی غلط نہ ہوگا جس طرح اقتدار حاصل کرنے کے لئے دائیں اور بائیں بازو کے درمیان رسہ کشی ہے۔ اسی طرح حزب اختلاف میں بھی دائیں اور بائیں بازو کی کشمکش جاری ہے۔ اور بائیں بازو کی جماعتیں حزب اختلاف کا کردار سنبھال کر دائیں بازو کو حزب اختلاف کا موثر کردار ادا کرنے سے بھی محروم کرنا چاہتی ہیں۔ ان کا نقطہ نظر یہ ہے کہ حکومت کی باگ ڈور بھی بائیں بازو کے پاس ہو اور حزب اختلاف کا خلا بھی بائیں بازو سے ہی پر کیا ...

بھٹو کی طرح ہی اقتدار پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں

جائے۔ اور دائیں بازو کی جماعتوں کو مکمل طور پر ختم کر دیا جائے لیکن دائیں بازو کی جماعتوں کا نقطہ نظر بھی یہی ہے۔ لیکن حزب اختلاف میں موثر پوزیشن قیادت کے فقدان کے سبب سابق وزیر قانون میاں محمود علی قصوری نے وزارت سے علیحدگی اختیار کی تو بہت سے لوگوں کے دلوں میں توقع پیدا ہوئی کہ میاں صاحب اس دور میں بالکل وہی کردار ادا کریں گے جو ۱۹۶۷ میں مسٹر بھٹو نے وزارت خارجہ سے مستعفی ہونے کے بعد جناب صدر نے کیا تھا۔ لیکن جتنی شخصیت میاں محمود علی قصوری نے صحت کی اور اپنی ذاتی مزاج کی بنا پر میدان میں مقابلہ سے ٹکر لینے کی بجائے بیٹھ جانا زیادہ مناسب خیال کیا۔ اس طرح قیادت کا سنہرا موقع گنوا دیا۔ اب بائیں بازو کے کچھ لوگوں کی نگاہیں صرف خان پر جمی ہیں۔ دیکھئے وہ ان کی توقعات پر پورا اترتے ہیں یا نہیں لیکن ایک تو ان کی وزارت سے علیحدگی سے پہلے ہی ... پہلی دفعہ انہیں کراچی میں بھی کوئی نہیں پوچھ رہا۔ بہرحال جماعتیں دائیں بازو کی ہوں یا بائیں بازو کی۔ پاکستان میں ابھی جمہوریت میں اس وقت حزب اختلاف کی جماعتوں کے بڑھنے کی فضا موجود ہے۔ ...

اسلام کے کھوکھلے نعروں کی بجائے عملی طور پر اسے نافذ کیا جائے



عبدالقیوم خاں

اگر قصور وار افسران پر باضابطہ مقدمات چلائے جاتے اور جو لوگ مجرم ہوتے انہیں قرار واقعی سزائیں دی جاتیں۔ تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوتا۔ لیکن کوڑے کھوڑے بغیر دیکھے بھالے، مردوں، زندوں سب سیاسی مخالفوں کو سیاسی انتقام کی غرض سے پکڑ کر ان کا جھٹکا کر دینا کہاں کا انصاف ہے؟

خان عبدالقیوم خاں نے دو ٹوک اور واضح الفاظ میں کہا کہ اب موجودہ حکومت اپنے سیاسی کارکنوں میں عہدے اور منصب بانٹنے کے منصوبہ کو عملی صورت دے رہی ہے میں انہیں متنبہ کرتا ہوں کہ کل کو دوسری سیاسی جماعت کی حکومت آئی تو وہ انہیں سب سے پہلے نکالے گی یہ کوئی طریقہ نہیں ہے اس ملک میں ایک ضابطہ اور اصول ہے، جو لوگ سالہا سال سے ملازمت کر رہے ہیں اور اپنے فنون میں ماہر ہیں انہیں محروم کرنا اور باہر سے اپنی پارٹی کے لوگوں کو مسلط کرنا ملک میں بدترین آمریت اور فاشزم کی کھلی علامت ہے۔ ہم سے پنجاب کے بھائی پوچھتے ہیں کہ ہم پیپلز پارٹی پر کیوں اعتراض کرتے ہیں۔ میں ان سے کہتا ہوں کہ اس ملک کو آمریت کی شکار گاہ بنایا جا رہا ہے۔ پہلے بھٹو صاحب مارشل لاء نہیں ہٹانا چاہتے تھے۔ ہم نے مارشل لاء ختم کرایا اس کے بعد صوبوں میں وزارتیں قائم کرنے کے حق میں نہیں تھے وہ ہم نے قائم کرائیں ...

ہماری جماعت علاقائیت کے کردار کی حامل ہوتی، پاکستان گیر نہ ہوتی

بنگلہ دیش

میں نے نیپ کے سربراہ سے کہا کہ آپ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے پر کیوں زور دیتے ہیں؟ اس سے مسائل مزید الجھیں گے اس کو تسلیم کرنا ہمارے اجا بیر پر کلہاڑا مارنے کے مترادف ہے۔ خان عبدالولی خان نے مجھ سے جوابی سوال کیا کہ کیا بھٹو صاحب پاکستان کے صدر ہیں؟ میں نے کہا یقیناً۔ جس پاکستان میں مشرقی پاکستان شامل ہے؟ میں نے کہا کہ نہیں۔ تو ولی خان کہنے لگے جب آپ نے ایک ایسے شخص کو صدر تسلیم کر لیا جو مشرقی پاکستان کا صدر نہیں بلکہ مغربی پاکستان کا صدر ہے تو آپ نے عملاً بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیا۔ سب سے پہلے جس شخص نے پاکستان کی تقسیم تسلیم کی وہ صدر بھٹو ہیں اس کے بعد ہم سب اس نظریہ کو تسلیم کر چکے ہیں دوم اگر آپ بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کرتے تو آپ شیخ مجیب الرحمٰن کو کیا حیثیت دیتے ہیں؟ اکثریتی حصے کے منتخب رہنما کی کیا اس منتخب اکثریتی نمائندے کو آپ صدر تسلیم کرتے ہیں آپ اسے تو تسلیم نہیں کرتے لیکن ہم جب کہتے ہیں کہ اب ایک حقیقت کو تسلیم کر لینا چاہیے تو آپ اس پر خفا ہو جاتے ہیں آپ مجھے بتائیں کہ ہمارے قیدی کس طرح واپس آئیں گے۔ بنگلہ دیش کہتا ہے کہ پاکستانی فوجوں نے مشترکہ فوجی کمان کے سامنے ہتھیار ڈالے تھے آپ تسلیم نہیں کرتے اب بات بنے تو کس طرح ... یہی بات ہے کہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے ضمن میں ولی خان کا منطق میرے ...

پاکستان میں ایک قوم لیکن چار قومیتیں آباد ہیں

مغربی پاکستان کی آبادی ... کروڑ ہو جائے گی



مفتی محمود

پرکشش شخصیت + نظریہ + عوامی اپروچ = سیاسی کامیابی

کیا پاکستان میں حزب اختلاف غیر موثر ہو چکی ہے؟



محمود علی قصوری نے قیادت کا سنہری موقع گنوا دیا

تحریر: ب۔ اختر امان

کے جلسوں میں ہزاروں افراد شریک ہوتے ہیں۔ اور پیپلز پارٹی کے وزرا کرام اب کوٹھیوں کے صحنوں میں جلسے کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ اور اب لوگ ایسی باتوں کی کڑوی گولیاں بھی نگل جاتے ہیں۔ جو کبھی وہ پسند نہ کرتے تھے۔ اور اب بعض شخصیات کے بارے میں بھی کہانی کسیلی باتیں من کر عوام کے منہ کا ذائقہ نہیں بدلتا۔ جن کے بارے میں وہ ایک لفظ بھی سننا گوارا نہ کرتے تھے۔ گویا سیاست کسی ایک محور کے گرد نہیں گھومتی اور سیاست کا رخ حالات اور وقت کے ساتھ ساتھ بدلتا چلا جاتا ہے۔ جو آج عوام کی آنکھوں کا تارا ہے وہ کل اپنے اعمال کی بدولت ہی گردن زدنی قرار پاتا ہے۔ لیکن فضا میں تبدیلی کے بعد اب یہ دیکھنا ہوگا کہ ہمارے ملک میں کام کرنے والی سیاسی جماعتیں، ان کا ماضی، ان کا کردار، ان کا سیاسی نظریہ، معاشی پروگرام کیا ہے اور کیا یہ جماعتیں عوام پر کوئی گہرا اثر مرتب کرنے کی پوزیشن میں ہیں یا نہیں۔ ہماری ملکی سیاست میں یہ بات تسلیم شدہ ہے کہ یہاں سیاست میں کامیابی کا فارمولا ہمیشہ تین عناصر سے تیار ہوتا ہے۔ شخصیت + نظریہ + عوامی اپروچ = کامیابی۔


جماعت میں سب سے زیادہ "عقیدہ" پر یقین رکھتی ہے۔ دوسرے یہ جماعت انتہائی غیر متحرک اور غیر فعال ہے۔ پاکستان سوشلسٹ پارٹی یوں تو مزدوروں اور کسانوں کی پارٹی ہونے کا دعویٰ کرتی ہے۔ مگر اس جماعت کے سربراہ کھیتوں اور کارخانوں میں جا کر اپنے پروگرام سے آگاہ نہیں کرتے۔ اس جماعت کا دائرہ اثر جماعت کے دفتر اور گنتی کے کارکنوں تک محدود ہے۔ بائیں بازو کی جماعتوں میں سب سے زیادہ اہم فعال جماعت پاکستان مزدور کسان پارٹی ہے۔ لیکن اس جماعت کا دائرہ اثر بھی صوبہ سرحد تک ہے۔ لیکن اس جماعت کیلئے سب سے بڑا مسئلہ اس کی قیادت ہے۔ جس کی "اپروچ" خالصتاً (DOGMATIC) ہے اس جماعت کے نظریاتی "ماسٹ" ہیں اور ماؤ کی طرز پر کسانوں، مزدوروں کی قوت سے انقلاب لانے کے داعی ہیں لیکن فی الحال اس جماعت کو زیادہ تر پاکستان کے شہروں پر کنٹرول حاصل ہے۔ اور نہ ہی دیہات پر۔ ان جماعتوں کے ذکر کے بعد ممکن ہے بعض لوگوں کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہو کہ اس مضمون میں نیشنل عوامی پارٹی اور جمعیت العلمائے اسلام کو شامل نہیں کیا گیا۔ اس کی وضاحت کرتے ہوئے یہ بتا دینا ضروری ہے کہ یہ



علامہ احسان الٰہی ظہیر



حزب اختلاف کی جماعتوں کے لیے فضا سازگار ہے



حکومتیں اپنے سیاسی مخالفین کو ملک دشمن اور پنجاب دشمن کا نام دیتی رہی ہیں

بھٹو صاحب عملاً بنگلہ دیش کو تسلیم کر چکے ہیں

ہم نے پختونستان پر کبھی اصرار نہیں کیا

نیشنل عوامی پارٹی کے سربراہ

خان عبدالولی خان سے خصوصی انٹرویو



[illegible]

میں نے فوج اور اس کے سربراہ کے بارے میں کچھ نہیں کہا

[illegible]

پنجاب پاکستان کا بہادر محافظ ہے

[illegible]

جنگی قیدیوں کی فوری رہائی کی شرط پر ہی بنگلہ دیش کو تسلیم کیا جائے گا: صدر بھٹو

کنٹرول لائن کے تعین سے جموں و کشمیر کا مسئلہ حل نہیں ہوا

شملہ معاہدہ میں واضح کر دیا گیا ہے کہ کنٹرول لائن سے فریقین کے موقف پر اثر انداز نہیں ہوگی

اہم مسائل کے تصفیہ سے قبل بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کیا جائے گا

فرانسیسی روزنامہ "لیمونڈ" کے نمائندے سے صدر کا انٹرویو

واشنگٹن، ۱۰ دسمبر (ریڈیو رپورٹ) صدر بھٹو نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے سے قبل ان تمام تنازعات اور جھگڑوں کا تصفیہ ضروری ہے جو پچھلے سال دسمبر کی جنگ کے بعد اٹھ کھڑے ہوئے تھے۔ جب تک یہ تمام تنازعات طے نہیں پا جاتے پاکستان بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کرے گا۔ فرانسیسی اخبار "لیمونڈ" کے نامہ نگار کو ایک خصوصی انٹرویو کے دوران انہوں نے بتایا کہ ریاست جموں و کشمیر میں کنٹرول لائن کے تعین کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ کشمیر کا جو تنازعہ حل طلب چلا آرہا تھا وہ طے ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شملہ معاہدے میں یہ صاف اور واضح طور پر درج ہے کہ کنٹرول لائن فریقین کے کشمیر کے بارے میں موقف کو مجروح کئے بغیر قائم کی جائے گی۔ صدر بھٹو نے نامہ نگار سے کہا کہ وہ خود شملہ معاہدے کا مطالعہ کریں۔ اس میں ریاست جموں و کشمیر میں کنٹرول لائن کے ضمن میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ اس سے فریقین کی اصل پوزیشن متاثر نہیں ہوگی مگر اس کنٹرول لائن کا مقصد جموں و کشمیر کے مسئلہ کو حل کرنا ہے ... بین الاقوامی سرحد کا لفظ استعمال کرنے میں کیا امر مانع تھا انہوں نے کہا کہ شملہ معاہدے کے مطابق کنٹرول لائن وہ خط تھا جو ۱۷ دسمبر کو جنگ بندی کے وقت فریقین کی فوجیں قابض تھیں۔ "لیمونڈ" نے صدر بھٹو کے اس بیان کو سخت ترین قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ صدر نے باہمی اختلافات میں برصغیر کے مسائل کے جلد تصفیہ کے امکانات کو مسترد کر دیا ہے۔

پاکستانی اور بھارتی فوجوں نے مقبوضہ علاقے خالی کر دیئے

اسلام آباد ۱۰ دسمبر (اے پی پی) پاکستان اور بھارت کی فوجوں کے سربراہوں نے اپنی اپنی حکومتوں کو آگاہ کر دیا ہے کہ معاہدہ شملہ کے مطابق دونوں ملکوں کی فوجیں اپنی اپنی بین الاقوامی سرحدوں پر واپس چلی گئی ہیں۔ یہ اعلان آج پاکستان اور بھارت کی حکومتوں کی طرف سے ایک مشترکہ بیان کے ذریعے بیک وقت اسلام آباد اور نئی دہلی سے جاری کیا گیا۔ جو پاکستانی علاقے بھارتی فوجوں نے خالی کر دیئے ہیں پاکستانی فوج کل صبح ان میں داخل ہو جائے گی، اور کل ہی بھارتی فوج بھی ان علاقوں میں داخل ہو جائے گی جو پاکستانی فوج نے خالی کر دیئے ہیں۔ اعلان میں کہا گیا ہے کہ جیسا کہ ۷ دسمبر ۱۹۷۲ء کو کہا گیا تھا دونوں اطراف سے اپنی اپنی پوزیشنوں میں سے ... جموں و کشمیر لائن کے مطابق رد و بدل ہو گئی تھی۔ ... جموں و کشمیر کے شمالی علاقے ہیں ... اس وجہ سے ایسا نہیں ہو سکتا تھا چنانچہ ان پوزیشنوں میں رد و بدل بھی موسم ٹھیک ہوتے ہی کر دیا جائے گا۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کی حیدرآباد سے موصولہ خبر کے مطابق سرکاری ذرائع کے مطابق بھارتی فوج نے مغلوبہ قبضہ ... کا سندھ کا علاقہ مکمل طور پر خالی کر دیا اور بھارتی علاقے پر پاکستانی علاقے پر بھارتی قبضے کے خاتمے ہو گئے اور پاکستانی علاقے سے بھارتی فوجیں زیادہ رہ گئی تھیں۔ نئی دہلی سے ایجنسی فرانس پریس کی اطلاع ہے کہ چودہ روزہ جنگ دسمبر ۱۹۷۱ء میں ایک دوسرے کے مقبوضہ علاقے بھارت اور پاکستان دونوں نے مکمل خالی کر دیئے بھارت نے پانچ ہزار دو سو مربع میل مقبوضہ علاقہ اور پاکستان نے ۶۹ مربع میل مقبوضہ علاقہ خالی کر دیا۔ جموں و کشمیر کنٹرول لائن کے تعین پر پہلے ہی سمجھوتہ ہو گیا ہے اور اس طرح معاہدہ شملہ کی سب سے بڑی دفعہ پر عمل درآمد ہو گیا ہے۔ بھارتی فوجوں کی واپسی کے وقت بھارتی فضائیہ کے طیارے ان پر نگرانی کرتے رہے۔

حمید نظامی مرحوم کے پہلو میں

لاہور ۱۰ دسمبر (سٹاف رپورٹر) پاکستان اتحاد پارٹی کے سربراہ خواجہ محمد رفیق مرحوم کی میت کو ان کے رشتہ داروں کے فیصلہ کے مطابق میانی صاحب کے قبرستان میں بانی ادارہ نوائے وقت حمید نظامی مرحوم کے پہلو میں دفن کیا جائے گا۔

خواجہ رفیق کے مبینہ قاتلوں کے خلاف مقدمہ کا اندراج

پولیس کو سات ملزموں کے نام بتائے گئے: ابتدائی رپورٹ سربمہر کر دی گئی

لاہور ۱۰ دسمبر (سٹاف رپورٹر) پولیس تھانہ قلعہ گوجر سنگھ نے پاکستان اتحاد پارٹی کے سربراہ اور محب وطن سیاسی لیڈر خواجہ محمد رفیق کے قتل کے الزام میں گنج بازار کے محمد طفیل بٹ کی رپورٹ پر مقدمہ درج کر لیا ہے اور ابتدائی رپورٹ میں نامزد کردہ ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔ محمد طفیل بٹ نے پولیس تھانہ قلعہ گوجر سنگھ کے روبرو بیان کیا کہ غلام رسول اور سید نذیر حسین اشفاق اور خواجہ محمد رفیق ساتھ ساتھ آ رہے تھے کہ اچانک حملہ آوروں کے ایک گروہ نے ان پر گولیوں کی بوچھاڑ کر دی اور اشفاق کو مارنا شروع کر دیا خواجہ محمد رفیق پر محمد عالم بٹ نے گولی چلا دی جو انہیں سر میں لگی اور وہ فوراً گر پڑے اسی دوران ایک دوسری گولی ان کے دل میں پیوست ہو گئی طفیل بٹ نے بیان کیا کہ حملہ آوروں میں سے محمد ایوب ... غلام رسول اور سید نذیر حسین کو بھی چند حملہ آوروں کو پہچانتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حملہ آوروں کی صحیح تعداد کا علم نہیں لیکن ان میں ... ملک صدیق، نواب پہلوان، مرزا مجید اور عبدالمجید شامل تھے ... پہلوان، مرزا مجید اور مجید کے پاس ریوالور نہیں تھے جبکہ باقی سب مسلح تھے اس نے بتایا کہ خواجہ رفیق سر میں گولی لگتے ہی گر پڑے اور غلام رسول عالم بٹ کے پیچھے اسے پکڑنے کے لئے بھاگا۔ عالم بٹ بھاگتے ہوئے بھی گولیاں چلاتا رہا اور ایجرٹن روڈ کی جانب نکل گیا۔ یہاں پر ایک ریلا عالم بٹ اور غلام رسول کے درمیان حائل ہو گیا اور یوں عالم بٹ غائب ہو گیا۔ قلعہ گوجر سنگھ پولیس نے ابتدائی رپورٹ سربمہر کر دی ہے ابھی تک کسی گرفتاری کی اطلاع نہیں ملی۔

وزیراعلیٰ ملک معراج خالد کا تعزیتی پیغام

لاہور ۱۰ دسمبر (اے پی پی) پنجاب کے وزیراعلیٰ ملک معراج خالد نے خواجہ محمد رفیق کے وحشیانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے انہوں نے مرحوم کے پسماندگان کے نام اپنے تعزیتی پیغام میں کہا ہے کہ مرحوم کی اچانک اور بے وقت موت سے قوم ایک سرگرم کارکن کی خدمات سے محروم ہو گئی ہے جو ایک انتھک خادم قوم تھے اور جنہوں نے تمام زندگی عوام کی بہبود کے لئے کام کیا ملک معراج خالد نے دعا کی ہے کہ مرحوم کو اللہ تعالیٰ اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔

طالب علم لیڈروں سے اسلحہ برآمد ہوا تھا: ڈپٹی کمشنر

لاہور ۱۰ دسمبر (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس کرم الٰہی چوہان اور مسٹر جسٹس ایس اے رحمان پر مشتمل ڈویژن بنچ کے روبرو پنجاب یونیورسٹی سٹوڈنٹس یونین کے صدر مسٹر جاوید ہاشمی اور ان کے دیگر ساتھیوں کو حبس بے جا کی درخواست کی سماعت کے دوران ڈپٹی کمشنر لاہور کے تحریری بیان میں بتایا گیا کہ پولیس نے جاوید ہاشمی سے ایک پستول، ۸ گولیاں، اور پرویز الطاف سے ایک پستول دو گولیاں، ...

ملتان میں تحریک کے جلوس پر حملہ

۱۵ افراد زخمی، ۱۲ گرفتار

۱۱ افراد گولیوں سے مجروح ہوئے ہیں

ملتان ۱۰ دسمبر (نمائندہ خصوصی) آج یہاں تحریک استقلال کے جلوس پر پیپلز پارٹی کے سینکڑوں حامیوں نے حملہ کر دیا جو خود بھی جلوس کی شکل میں تھے اور جن میں سے بعض بندوقوں، پستولوں اور کلہاڑیوں سے مسلح تھے۔ پندرہ افراد زخمی ہو گئے۔ گیارہ گولیاں لگنے سے اور چار افراد ڈنڈوں اور کلہاڑیوں سے مجروح ہوئے۔ [illegible]

آج سے لاہور میں جلوسوں پر مکمل پابندی ہوگی

دو یا تین کی ٹولیوں میں بھی جلوس نہیں نکل سکے گا

لاہور ۱۰ دسمبر (اے پی پی) صوبائی حکومت نے کل سے جنازہ کے جلوس کے سوا لاہور میں ہر قسم کے جلوس کی ممانعت کر دی ہے دفعہ ۱۴۴ پر سختی سے عمل کیا جائے گا۔ اور دو دو تین تین کی ٹولیوں میں بھی کوئی جلوس نہیں نکالا جا سکے گا۔ ایک سرکاری اعلان میں کہا گیا ہے کہ ضابطہ فوجداری کی دفعہ ۱۴۴ کے تحت پانچ یا اس سے زائد افراد کے اجتماع پر پہلے ہی پابندی عائد کی گئی تھی تاکہ شہریوں کے جان و مال محفوظ رہیں کیونکہ انہیں خطرہ تھا۔

آئندہ اپریل سے تعلیم یافتہ بے روزگاروں کو روزگار کی فراہمی شروع ہو جائے گی

راولپنڈی ۱۰ دسمبر (اے پی پی) منصوبہ بندی کمیشن کے ڈپٹی چیئرمین مسٹر قمر الاسلام نے کہا ہے کہ اگلے سال مارچ تک کمیٹیوں کی مدد سے ملک بھر میں تعلیم یافتہ بے روزگار افراد کے تمام کوائف مرتب ... [illegible] ... کرتا ہوا اور نئے سسٹم کے تحت پیدل چلنے والے، رکشا، ٹیکسی، موٹر سائیکل وغیرہ پر سفر کرنے والے کی زندگی کا بھی بیمہ شدہ تصور ہوگی۔

لاہور ۱۰ دسمبر (اے پی پی) مغربی پاکستان جمہوری پارٹی کے سربراہ نوابزادہ نصراللہ خان نے مطالبہ کیا ہے کہ ملک سے ہنگامی حالت ختم کر کے شہری آزادیاں بحال کی جائیں

۱۸ سال سے زائد عمر کے ہر شہری کو شناختی کارڈ رکھنا ہوگا

اسٹیٹ بنک ہر شخص اور تنظیم کے حسابات کی جانچ پڑتال کرے گا

زرمبادلہ ایکٹ کے تحت جرم ناقابل ضمانت بنا دیا گیا: صدارتی کابینہ کے فیصلے

[illegible]

لاہور میں تحریک استقلال کے پرامن جلوس پر شرپسندوں کی خشت باری

لاہور ۱۰ دسمبر (سٹاف رپورٹر) تحریک استقلال کے زیر اہتمام آج ایک جلوس نیلا گنبد سے نکالا گیا۔ جس کی قیادت تحریک استقلال کے سربراہ ایئر مارشل اصغر خان نے کی جلوس شاہراہ قائداعظم سے ہوتا ہوا اسمبلی ہال کے سامنے تین بجکر چالیس منٹ پر منتشر ہو گیا۔ جلوس نے راستے میں بنگلہ دیش نامنظور کے نعرے لگائے جلوس میں پاکستان اتحاد پارٹی، سنی پارٹی اور وکلاء نے شرکت کی۔ راستے میں بعض لوگوں نے ایئر مارشل کے خلاف نعرے لگائے اور جلوس پر پتھر اور روڑے پھینکے والے پٹاخے چھوڑے۔ یہ لوگ جلوس منتشر ہونے کے وقت اسمبلی ہال کے آس پاس جمع ہو گئے۔ جلوس پرامن طور پر منتشر ہو گیا۔

غنڈوں نے ایئر مارشل کو فحش گالیاں بھی دیں لیکن جلوس میں شریک کارکن مشتعل نہ ہوئے اور جلوس نیلا گنبد سے چل کر اسمبلی ہال کے سامنے منتشر ہو گیا لیکن غنڈے اسمبلی ہال کے آس پاس نعرے لگاتے ہوئے موجود رہے اور جب جلوس کے قائدین وہاں سے روانہ ہونے والے تھے تو غنڈوں کا ایک جتھا اسمبلی ہال کے پیچھے منٹگمری روڈ پر چلا گیا۔ خواجہ محمد رفیق جب گھر واپس جانے کے لئے وہاں سے گزرے تو ان پر فائرنگ کی گئی۔

تہذیب و شرافت کا جنازہ

لاہور ۱۰ دسمبر (نمائندہ جسارت) آج لاہور میں تحریک استقلال کے جلوس کے دوران پیپلز پارٹی کے کارکنوں کی جانب سے جس بدتمیزی کا مظاہرہ کیا وہ پہلے کبھی سیاسی زندگی میں دیکھنے میں نہیں آیا۔ یوں تو جلوس کے سارے راستے میں پیپلز پارٹی کے کارکن جلوس پر آوازے کستے ہوئے ہنگامہ آرائی کرتے رہے تاہم یہ سب کچھ اس وقت انتہا پر پہنچ گیا جب ایک کارکن اصغر خان کے سامنے ازار بند کھول کر کھڑا ہو گیا۔ اس موقع پر پولیس نے اس نوجوان کو پکڑ کر اپنے کار میں بٹھا لیا۔

حکومت بلوچستان کا تختہ الٹنے کے الزام میں چار افراد کو گرفتار کر لیا گیا

کوئٹہ ۱۰ دسمبر (اے پی پی) ژوب کے ضلع جاغی میں چار افراد میر عطاء محمد مینگل، مسٹر محمد افضل نواب خان مینگل اور مولوی عبدالمجید کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ ان افراد کو اس سازش میں ملوث ہونے کے نتیجے میں گرفتار کیا گیا ہے جس کا مقصد بلوچستان کی آئینی جمہوری اور عوام کے منتخب نمائندوں پر مشتمل صوبائی حکومت کا غیر قانونی ذرائع سے تختہ الٹنا تھا۔

سکھر میں مسافر اور مال گاڑی میں تصادم

جانی نقصان نہیں ہوا۔ انجن تباہ ہو گئے

سکھر ۱۰ دسمبر (اے پی پی) یہاں ریلوے سٹیشن کے بیرونی سگنل پر ایک مسافر اور مال گاڑی میں تصادم سے سکھر حبیب کوٹ سیکشن پر کئی گھنٹے تک گاڑیوں کی آمد و رفت بند رہی۔ مسافر گاڑی کی ایک بوگی اور انجن اور مال گاڑی کا انجن تباہ ہو گیا۔ تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ حادثے کی تحقیقات کا حکم دے دیا گیا ہے۔ بعض ریلوے ملازمین کو ملازمت سے معطل کر دیا گیا۔

جگ جیون رام کی جنگی تیاریاں

پریمی کا روپ بھی ہے، ساونت کی سی دھج بھی
پنچم بھی راگ میں ہے اور ساتھ ہی کھرج بھی
ہیں امن کے بھی خواہاں اور جنگ کے بھی طالب
آہنگِ امن میں ہے توپوں کی گھن گرج بھی

وقار انبالوی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صدائے پاکستان ٹرانٹو کینیڈا



عیدِ قرباں کا پیغام

"— خدا جن لوگوں سے محبت کرتا ہے ان کو امتحان اور آزمائش میں بھی ڈالتا ہے، اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کو حکم دیا کہ جو شے آپ کو سب سے زیادہ عزیز ہو اس کی قربانی دیں، حضرت ابراہیمؑ نے حکم خداوندی کے سامنے سر تسلیم خم کرتے ہوئے، اپنی عزیز شے کی قربانی پیش کی، آج بھی خداوند کریم ہندوستان اور پاکستان کے مسلمانوں کا امتحان لے رہا ہے، اللہ تعالیٰ نے ہم سے بہت ہی بڑی بڑی قربانیاں طلب کی ہیں، ہماری نوزائیدہ مملکت دشمن کے لگائے زخموں سے چور ہے! ہندوستان میں ہمارے مسلمان بھائیوں پر ظلم توڑے جا رہے ہیں .... چاروں طرف سے ہمیں تاریک بادلوں نے گھیر رکھا ہے، مگر ہم ان کے خوف سے رک نہیں سکتے کیونکہ مجھے یقین ہے، اگر ہم نے قربانی کا وہی جذبہ پیش کیا، جیسا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا تھا تو مصیبتوں کے بادل چھٹ جائیں گے، اور اللہ تعالیٰ حضرت ابراہیمؑ کی طرح ہم پر بھی اپنی رحمتوں کی بارش کرے گا۔"

قائد اعظم

داستانِ براہیمی

شیخ عبدالغفار اشرام اے

اسلام کا پانچواں رکن حج کیا ہے؟ دنیا کے موحد اعظم جناب حضرت خلیل علیہ السلام کی اتھاہ قربانیوں ان کے خدائے واحد دنیاز سوز و ساز اور جذب و انجذاب کے اعمال کی نقالی۔ اور ان کے جلیل القدر خاندان کے افراد کی والہانہ عشوہ طرازیوں کی یاد آوریاں ہیں۔

حضرت خلیل اللہ کی ساری زندگی ہر مومن قانت کے لئے ایک مفصل پروگرام اور بہترین نمونہ ہے۔ جو توحید کے لئے سرکٹ جانے کی دعوت دیتا ہے۔ کبھی وہ دلائل و براہین سے توحید کا سبق دیتے ہیں۔ کبھی ضرب ابراہیمی سے بتان آزری کو چکنا چور کر ڈالتے ہیں کبھی آتش نمرود میں مردانہ وار چھلانگ لگا دیتے ہیں اور کبھی خدا کی راہ میں گھر بار اور وطن کو الوداع کہتے ہیں اور کبھی جگر گوشے اور شریک زندگی کو خدا کے حکم کے مطابق ریگ زاروں میں تنہا چھوڑ آتے ہیں۔ اور کبھی خدا کی خوشنودی کے لئے لخت جگر کو مقتل میں لا کھڑا کرتے ہیں۔ داستان ابراہیمی میں ہمارے لئے ہزاروں سبق اور متعدد اصول نوشتے ہیں یہ موحد اعظم کی سالانہ یاد بھی ہے اور یہ جیسے عزم و قربانی کی سالانہ تقریب بھی۔ باپ کا اخلاص اور بیٹے کی اطاعت کا نمونہ بھی ہے۔ اور خاوند کے ایثار اور بیوی کی تعمیل کی سالگرہ بھی!!!

اے امت مسلمہ کے فرزندو! ان سب اطاعت شعاریوں کے مطلب تم اور صرف تم ہی ہو۔ اٹھو زمانہ کے مرد وار سے ٹکرا جاؤ۔ اسلام کے راہ کے ہر کانٹے کو ہٹا دو۔ سروں پر کفن باندھ کر خدا تعالیٰ کے حضور لبیک لبیک کی ہی پکار سے شب و روز بدل ڈالو۔ اعلائے کلمۃ الحق کے لئے جگر گوشوں کو میدان میں لاؤ۔ تمہارے لئے پڑے ہے جیسے

خدا کی فراز مندی جہاں کی سروری اب بھی بقیہ ایں ہم
آج بھی ہو گر ابراہیم سا ایماں پیدا
آگ کر سکتی ہے آج بھی انداز گلستاں پیدا

ذوالحجہ کے ماہ کرم میں جب میں کائنات عالم سے حجاج کرام کے قافلے بیت اللہ شریف اور حرم محترم کی طرف ایک والہانہ انداز میں رواں دواں دیکھتا ہوں۔ تو میری آنکھوں میں مسرت کے آنسو چھلک آتے ہیں۔ اور میری یاد مجھ آج سے چار ہزار سال قبل کے بابل کی سرزمین میں لے جاتی ہے جہاں نمرودی دور میں جد انبیاء حضرت ابراہیم علیہ السلام نے توحید کی پہلی آواز بلند کر کے بتان آزری پر تیشہ چلا کر مومن قانت کا ایسا شاندار کردار ادا کیا جو ساری انسانیت کے نزدیک بے مثال اور بہترین نمونہ قرار پایا اور خود خداوند قدوس نے اپنی ساری آسمانی کتابوں میں اسے سراہا۔

یہ دیکھنا! دنیا کے گوشہ گوشہ سے عربی عجمی۔ گورے کالے۔ سفید و سرخ۔ چینی جاپانی۔ مشرقی و مغربی۔ بچے بوڑھے مرد عورت۔ امیر و غریب۔ پیدل و سوار۔ اور اولاد آدم۔ انبوہ در انبوہ اور گروہ در گروہ کفن پہنے۔ احرام باندھے۔ ہر کوہ و بیابان اور پستی و فرازی سے تحمید ربانی کے نغمے گاتے دنیا کے اس مقام عظیم کی طرف جا رہے ہیں۔ جسے خدا نے اول بیت وضع للناس بیکۃ مبارکاً فرمایا اور اقبال نے یوں ادا کیا ہے ؎

دنیا کے بتکدوں میں پہلا وہ گھر خدا کا
ہم اس کے پاسباں ہیں وہ پاسباں ہمارا

یہ مناسک حج کیا ہیں! یہ طواف کعبہ۔ یہ سعی صفا و مروہ یہ لبیک۔ یہ قربانی اور میدان عرفات میں کفن پہنے خداوند کے حضور لبیک اللھم لبیک لا شریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لک۔ الملک لا شریک لک پکارنا۔ یہ سب خاندان ابراہیمی کی دلنوازیوں کی عکاسی اور نقالی ہی ہے جو خدا کے احکام کی تکمیل کے دوران عمل کا جامہ پہن کر ظاہر ہوئیں۔ انسانیت عظمیٰ کی تاریخ نے انہیں ہمیشہ کے لئے محفوظ کر لیا۔ اور خدا نے امت مسلمہ کے لئے "حج" کے نام سے ایک دین الٰہی سالانہ تقریب میں پاکیزگی۔ طہارت اور گناہوں کا کفارہ بنا دیا۔ یہ سب جلیل القدر حضرت خلیلؑ کے راز و نیاز اور دلنوازی و دلبری کی حرکات و سکنات تھیں۔

موحد اول کا استدلال توحید

جب انسان پر یہ گمان ہو گیا کہ ستارہ منور ہوا تو ستارہ پرستوں نے اسے خدا قرار دیا۔ جب چاند اور سورج ضوفشاں ہوئے تو مشرکوں نے ان مظاہر قدرت کو خدا سمجھ کر سر اطاعت جھکا دیا۔ لیکن حضرت ابراہیم نے اعلان کر دیا کہ میں ان ڈوب جانے والوں کو خدا نہیں مان سکتا جب نمرود نے اپنی خدائی کے لئے حضرت ابراہیم سے اقرار لینا چاہا۔ تو یہ موحد اعظم اس کے ناجبروت دربار شاہی کو خاطر میں لاتے ہوئے پکار اٹھا کہ خدا تو وہ ہے۔ جو زندگی اور موت کا مالک ہے۔ اس نے ایک مجرم کو پھانسی دے کر اور دوسرے کو آزاد کر کے اپنی خدائی اور موت و حیات پر اپنے قبضہ کا مظاہرہ نیز ثبوت دے کر حضرت ابراہیمؑ کو لاجواب کرنا چاہا۔ لیکن جب انہوں نے کہا اچھا تو۔ آفتاب کو مشرق کی بجائے مغرب سے طلوع کر کے دکھا دو۔ تو وہ کھسیانا ہو کر رہ گیا۔ لیکن اپنی خفت مٹانے کے لئے حضرت خلیلؑ کو آگ کے ایک بہت بڑے الاؤ میں ڈال دیا۔ جب آگ بھی ان کا بال بیکا نہ کر سکی۔ تو انہیں جلا وطنی پر مجبور کر دیا۔ لیکن ان کے پائے استقلال میں کوئی فرق نہ آیا۔ ان شاندار میں یہی وہ پکار اٹھے۔

"میں اپنے آپ کو اس ذات کی طرف پھیرتا ہوں جس نے ان آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔ میرا طریقہ خالص توحید ہے۔ میں ان مشرکوں کے گروہ میں سے نہیں ہوں"۔

ہجرت الی اللہ

جب اس موحد قانت پر وطن کی سرزمین تنگ ہو گئی تو آپ نے مصر کی سرزمین کو اپنی تبلیغ کا مرکز بنا لیا۔ کچھ عرصہ بعد یہاں بھی حاقدین اور کینہ پروروں کا ایک گروہ پیدا ہو گیا۔ جب اس علمبردار توحید کا یہاں رہنا دشوار ہو گیا۔ تو ارض مقدس فلسطین کی طرف منتقل ہو گئے

حضرت ذبیح اللہ کی ولادت

جب حضرت خلیل علیہ السلام کی عمر بڑھاپے کو پہنچی۔ جوانی کی بہاریں جب خزاں کی شام سے ہمکنار ہونے لگیں تو وہ خداوند کے حضور بے اختیار ایک فرزند صالح کے لیے پکار اٹھے۔ دست دعا اٹھایا اور نسل ابراہیمی کی بقا کے لیے دعا فرمائی۔ خداوند عالم نے حضرت ہاجرہ کے بطن سے ایک حسین و جمیل فرزند عطا فرمایا۔ زندگی کی شب تاریک میں مسرت جلوہ گر ہوئی۔ حضرت اسماعیل نام تجویز فرمایا اور بے اولاد گھرانہ بچے کی موجودگی سے پر مسرت گہوارہ بن گیا۔

ریگ زار حجاز میں سکونت

لیکن ایک نئی آزمائش حضرت ابراہیم کی منتظر تھی حکم خداوندی کے مطابق آپ اس نو مولود بچے اور ان کی والدہ کو ایک دور دراز مقام پر چھوڑ آئے۔ یہ حجاز مقدس کا علاقہ ہے۔ خانہ کعبہ کے نزدیک لا کر ان دونوں کو چھوڑ دیا۔ لق و دق صحرا۔ بے برگ و گیاہ صحرا۔ ہولناک اور غیر آباد ریگستان۔

باد صرصر کے جھونکے اور جھلسا دینے والی لو سے انسانی زندگی کا کیف تلخ ہو رہا تھا۔ جب حضرت ابراہیمؑ واپس جانے لگے حضرت ہاجرہ نے انتہائی حسرت و یاس سے پوچھا:

"اس خوفناک بیابان اور ہولناک صحرا میں ہمیں کس کے حوالے کئے جا رہے ہیں۔ یہ معصوم بچہ۔ ہماری بھوک پیاس اور درندوں اور بھیڑیوں سے بچاؤ کی کیا صورت ہوگی۔ اس تپتی ہوئی ریت اور جلا دینے والی دھوپ سے کیسے محفوظ ہوں گے!"

حضرت ہاجرہ شدت جذبات سے گڑگڑانے لگیں اور آنکھوں سے آنسوؤں کی لڑی بہہ نکلی

حضرت ابراہیم نے اطمینان سے جواب دیا "ہاجرہ! اللہ تعالیٰ کا حکم یوں ہی ہے"

"جب خدا کی رضا یہی ہے تو ہماری بھی رضا یہی ہے!" اتنا تھا حضرت ہاجرہ سنبھلیں، رنج و ملال کے بادل چھٹ گئے اور زبان سے پکار اٹھیں:

"مجھے تو خدا کے لطف و کرم پر پورا پورا بھروسہ ہے وہ یقیناً ہمیں اپنی عاطفت کی پناہ میں رکھے گا اور ضائع نہ کرے گا"

تاریخ کھڑی مسکرا رہی تھی کہ اس لق و دق صحرا میں یہ کمزور انسانی روحیں ایک ایسی عظیم ہجرت اور ملت کی تعمیر کا اہتمام کر رہی ہیں جو قیامت تک مقام عظمت پر فائز رہیں گی اور ان کے ذریعہ قدرت کے متعدد عجوبے ظہور پذیر ہوں گے۔

بچہ جب بھوک سے ماہی بے آب کی طرح تلملانے لگا تو ماں کی مامتا بے قرار ہو گئی۔ وہ مادر واحد و والہ کی طرح پانی کی تلاش میں صفا اور مروہ کی دو چھوٹی چھوٹی پہاڑیوں کے درمیان دوڑنے لگیں۔ جب بچہ کی ولدوز اور بے قرار چیخیں سنتیں تو پھر واپس آ جاتیں، سات بار یہی ماجرا پیش آیا وقفہ بچے کی ایڑیوں سے ایک شیریں چشمہ پھوٹ پڑا جس کے پانی میں بھوک اور پیاس دونوں کا مداوا موجود تھا جسے دنیا اب چشمہ زمزم کے نام سے جانتی ہے۔

"اے دنیا کے بڑے بڑے انسانو! کیا تم ہولناک صحرا کی وسعتوں میں تن تنہا اکیلی بے آسرا خاتون کی طرح رہنے کے لیے اپنے آپ کو آمادہ کر سکتے ہو؟"

صفا و مروہ کی سعی اور سات بار دوڑنا بھی حضرت ہاجرہ کی بے قرار مامتا کی نقل حج کا ایک عظیم جزو ہے۔ جس سے یہ دونوں "ماں اور بچہ" تاریخ کے لازوال کردار بن گئے ہیں۔

ذبح عظیم

جب بچہ جوانی کی حدود میں داخل ہوا تو خدا کے حکم کے مطابق حضرت خلیل علیہ السلام بھی پہنچ گئے۔ ایک اور آزمائش ان دونوں باپ بیٹے کی سرفرازی کی راہ تک رہی تھی۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خواب میں دیکھا کہ مشیت ایزدی کچھ یوں ہے کہ اس اکلوتے نوجوان بیٹے کو خدا کی راہ میں قربان کر دو۔ حضرت خلیلؑ نے سمجھا کہ پیغمبر کا خواب کوئی خواب پریشان نہیں ہوتا بلکہ نبوت کا حصہ ہوتا ہے۔

فرزند جلیل سے پوچھا "بیٹے! میں نے ایک خواب دیکھا کہ میں تجھے اللہ کی راہ میں ذبح کر رہا ہوں۔ بول تیری کیا رائے ہے؟"

وہ ہونہار اور خانوادہ نبوت کا جگر گوشہ بول اٹھا:

"اے ابا جان! جو حکم ملا ہے اسے کر گذریئے آپ انشاء اللہ مجھے صبر کرنے والا ہی پائیں گے"

جب باپ اپنے نوجوان لخت جگر کو مقتل کی طرف لے جا رہا تھا تو شیطان نے ہر چند دلائل و براہین سے راستہ روکنا چاہا۔ اس بڑھاپے میں واحد سہارے کو اپنے ہاتھوں سے ضائع کر دینے سے عار دلائی لیکن مقام نبوت کے آگے شیطان کی حیلہ کاریاں ہمیشہ ناکام رہی ہیں۔ حق و باطل اگرچہ ہمیشہ ستیزہ کار رہے ہیں لیکن حق ہمیشہ غالب رہا ہے۔ حضرت خلیل علیہ السلام شیطان کو مار بھگایا۔ حج کے دوران جمرہ اعظم و اکبر پر کنکر مارنا آپ کے اسی فعل کی نقل ہے جسے رمی کہتے ہیں۔

جب بوڑھے باپ نے پوری توانائی سے اپنی تیز چھری پسر عزیز کی گردن پر چلا کر حکم خداوندی کی تعمیل کرنا چاہی تو غیب سے ندائے حق آئی۔

"ابراہیم! تم نے خواب سچا کر دکھایا"

قدرت حق سے ایک مینڈھا پہنچ گیا۔ خداوند قدوس نے بیٹے کی بجائے اس مینڈھے کی قربانی ہی قبول فرمالی۔ اے امت مسلمہ کے فرزندو! اور اے وحدہ لاشریک کا کلمہ پڑھنے والو! یہ جو ہر سال لاکھوں جانوروں کا خون بہاتے ہو ان کی کھالیں اتارتے اور ان کے گوشت اور ہڈیاں کو چباتے ہو اور اپنے کام و دہن کی لذتوں سے شاد کام ہوتے ہو۔ یاد رکھو یہ تمہارے حقیقی جگر گوشوں کی یادداشت ہی تو ہے۔ مبادا تم قربانی کا حقیقی روح بھول جاؤ اور صرف شکم سیری کو اصل سمجھ بیٹھو۔

اسلام ہر زمانہ میں اپنے فرزندوں کو قربانی کے لیے پکارتا ہے یہ قربانی اعلائے کلمۃ الحق اور دین مرسل کی سرفرازی و سربلندی کے لیے مطلوب ہے اور آج تو اسلام کو اپنے فرزندوں کی قربانی کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ دین حنیف ہر جگہ کمزور ہو رہا ہے۔ اسلام کی حقیقی روح مرجھا رہی ہے قرآن مجبور ہو چکا ہے اور اسلام کی تہذیب کو مٹانے کے لیے ہر قسم کا کفر ملت واحدہ بن کر حملہ آور ہو چکا ہے یہ عید الاضحیٰ پھر تمہیں سنت ابراہیمی یاد دلانے کے لیے آ رہی ہے۔

صحابہ نے ایک بار پوچھا حضور! یہ قربانی کیا ہے؟ جناب رسالت مآب نے فرمایا:

"سنت ابیکم ابراہیم۔ یہ تمہارے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے"

کیا سنت ابراہیم یہ نہ تھی کہ اپنے اکلوتے لخت جگر حضرت اسماعیل علیہ السلام کو خدا کی راہ میں خود اپنے ہاتھ سے ذبح کے لیے لٹا دیا کیا کبھی ہم نے سنت ابراہیمی کو حقیقی معنوں میں انجام دیا ہے؟

بنیاد کعبہ

اب قدرت نے ان دونوں باپ بیٹے سے ایک اور تاریخ ساز کام لینا ہے وہ ہے تعمیر حرم بنیاد کعبہ۔ حضرت آدم کا بنا کردہ کعبہ کی بنیادیں استداد زمانہ سے ناپید ہو گئی تھیں۔ خداوند قدوس نے حضرت خلیل اور ان کے پسر جلیل کو انہیں قدیم بنیادوں پر بیت اللہ کی تعمیر جدید کا حکم دیا تاکہ اہل توحید کے لیے ایک مرکز اور امن و سلامتی کی جگہ قرار پائے۔

وہ دیکھنا حضرت ابراہیم اس کبر سنی اور بڑھاپے کے باوجود نوجوان بیٹا اسلام کے کرتے ہیں اور تیر اٹھاتے ہیں کو کھڑے ہیں اور خداوند قدوس سے بطریق راز و نیاز عرض بھی کر رہے ہیں۔

"اے پروردگار عالم! ہمارے اس عمل کو قبول فرما، تو ہی دعاؤں کا سننے اور ہر بات کا جاننے والا ہے۔

اے خداوند قدوس! تو ہمیں توفیق ارزانی فرما کہ ہم تیرے حضور سر نیاز جھکائے رہیں ہماری نسل سے ایک امت مسلمہ پیدا کر اپنی عبادات و اطاعت کے طور طریقے ہمیں سکھا ہماری توبہ قبول فرما، کیونکہ تو ہی توبہ قبول کرنے والا سب سے بڑھ کر مہربان ہے"

لو! دیکھنا کعبہ کی تعمیر مکمل کر لی گئی چار ہزار سال سے خدا کا یہ اولین گھر پرستاران رب ذوالمنن کا مرجع اور مطاف ہے اور توحید کے پروانوں کا مرکز اور جائے امن و سکون ہے۔

خدا نے ان کی دعاؤں کو شرف قبولیت بخشا حضرت اسماعیل ذبیح اللہ کی نسل سے ان کے دو ہزار سال بعد ایک آخری جلیل القدر پیغمبر کو آخری شریعت دے کر فلاح انسانیت کی طرف بھیجا۔ جس پر کائنات کی حجت تمام ہو گئی۔ اب اس نبی کے بعد کوئی نبی نہیں۔ اس کتاب کے بعد کوئی کتاب نہیں اور اس شریعت کے بعد کوئی شریعت نہیں۔ گزشتہ چودہ سو سال کا طویل عرصہ ایک بات کا عملی ثبوت ہے

اب جبکہ حضرت ختم الرسل کو اس دنیا سے رنگ و بو سے رحلت فرمائے قریباً چودہ سو سال ہو رہے ہیں تمام شیطانی قوتیں اسی معمار حرم کے تعمیر کردہ حرم کے درپے ہو رہی ہیں۔

یہود و نصاریٰ نے اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کے لئے اپنی زندگیاں اور اپنی ساری توانائیاں وقف کر دی ہیں۔ وہ ۱۹۶۷ء سے اسلام اور مسلمانوں کے ایک ایک نشان کو مٹانے کے لیے لگاتار اقدامات کر رہے ہیں۔ ان

پندرہ روزہ

ٹورنٹو، کینیڈا

صدائے پاکستان

عید الضحیٰ نمبر

۱۵ جنوری ۱۹۷۳ء

اِنّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝

اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ ۝

سورۃ انعام

میں اپنا رُخ اس ذات کی طرف کرتا ہُوں جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا میں توحید کا اقرار کرنے والا ہُوں اور مشرکوں میں سے نہیں ہُوں۔ میری نماز اور میری قربانی اور میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ کے لئے ہے جو تمام دُنیا کا پروردگار ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اسی کا مجھے حکم دیا گیا ہے اور سب سے پہلے سر اطاعت خم کرنے والا میں ہی ہُوں

